(گورنمنٹ بوائز/گرلز/پرائمری/سیکنڈری اسکول جیل روڈ (کیمپس)

2023-24 ششماہی امتحان

VI :جماعت	پرچہ:سائنس	100 کل نمبر	وقت-3 گھنٹے

نوٹ:مندرجہ ذیل سوالات میں سے چھ کے جوابات مطلوب ہیں سوال نمبر01 کا جواب لازمی ہے۔

سوال نمبر01 (الف):مندرجہ ذیل خالی جگہوں کو پر کریں۔ **کل نمبر:20**

1. ہماری زبان چار اقسام کے ذائقے محسوس کر سکتی ہے --------، --------، ---------، --------

2. ---------- ایک خلوی ساخت ہے جو مخصوص محرک کا پتہ لگاتی ہے۔

3. پتوں میں موجود اسٹومیٹا پودے کی مدد ---------- میں کرتے ہیں...

4. رات کے وقت پودے زیادہ ---------- خارج کرتے ہیں۔

5. فوٹو سنتھیسز کے لیے ضرور عوامل ---------- ہیں۔

سوال نمبر01 (ب):درج ذیل بیانات درست ہیں یا غلط۔ درست کے لیئے "د" اور غلط کے لیے "غ: لکھیں۔

1۔ ہائیڈرا ایک خلوی جانور ہے۔ درست۔غلط

2۔ عضلات کا گروہ ایک ساتھ مل کر ایک مخصوص کام انجام دے تو وہ نظام بناتا ہے۔ درست۔غلط

3۔ روشنی کے لیے حساس خلیے آنکھ کی کارنیا میں موجود ہوتے ہیں۔ درست۔غلط

4۔ جانوروں کی محرک کا پتہ لگانے کی صلاحیت حس ہوتی ہے۔ درست۔غلط

5. آنکھ بصارت اور توازن برقرار رکھنے کا حسی عضو ہے۔ درست۔غلط

سوال نمبر 02:درست جوابات کا انتخاب کیجئے۔ **کل نمبر:16**

1. پتوں میں موجود سبز رنگ کا مادہ کہلاتا ہے۔ (الف)کلوروفل (ب)کلوروپلاسٹ (ج)کروموپلاسٹ

2. ان میں سے کونسا سورج کی روشنی جذب کرتا ہے۔ (الف)سائٹوپلازم (ب)کلوروفل (ج)سیلولوز

3. درج ذیل میں موحولیاتی نظام کے بے جان حصے کی مثال ہے۔ (الف)پھپھوندی (ب)گلے سڑے پودے (ج)معدنیات

4. زیادہ مقدار میں سورج سے آنے والی حرارت سے محفوظ رکھتی ہے۔ (الف)نائٹروجن (ب)آکسیجن (ج)اوزون

سوال نمبر03:نیچے دیے گئے علامتوں کے عناصر کے نام تحریر کریں؟ **کل نمبر16**

Na, C, Al , Cl , Ca , H, F, Ne, O, K

سوال نمبر 04:درج ذیل میں سے کسی دو کے کلیدی فرق تحریر کریں؟ **کل نمبر:16**

1. دھات اور غیر دھات، 2. آمیزہ اور مرکب، 3. ایٹم اور سالمہ

سوال نمبر05 : عمل شعاعی ترکیب کس کو کہتے ہیں تفصیل کے ساتھ بیان کریں؟ **کل نمبر:16**

سوال نمبر06 :درج ذیل اصطلاحات کی تعریف مثالیں دے کر کریں؟ **کل نمبر:16**

(الف) کثیر خلوی جاندار (ب) عضو

سوال نمبر07 :خلیے زندگی کی تعمیری اکائی کیوں کہلاتے ہیں؟ **کل نمبر:16**

سوال نمبر08 :سائنسدان خوردبین کیوں استعمال کرتے ہیں؟ **کل نمبر:16**